PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368


# ستمبر تا نومبر ۲۰۲۴ کے لیے متوقع موسمی صورتحال اور زرعی مشورے

## مختصر تعارف


پاکستان محکمہ موسمیات ہر ماہ کے آخر میں عالمی موسمیاتی ماڈلز کا استعمال کرتے ہوئے ماہانہ اور طویل مدتی موسمی پیشن گوئی جاری کرتا ہے۔ چونکہ عمومی طور پر محض ایک ماڈل اور ڈیٹا سیٹ کا نتیجہ طویل مدتی پیشین گوئی کے لیے قابل اعتماد نہیں سمجھا جاتا، اس لیے مزید اطمینان اور بہتری کے لیے مختلف اداروں کے تیار کردہ ماڈلز اور موسمی ریکارڈ کو مختلف شرائط کے ساتھ استعمال کیا جا رہا ہے۔ فی الوقت تیرہ ماڈل سے اخذ کئے گئے مجموعی نتائج کو موسمی پیشین گوئیوں کے لیے اپنایا گیا ہے۔

## بارش کے لحاظ سے متوقع موسمی صورتحال (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۴)


متوقع بارش (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۴)




متوقع بارش کا معمول سے فرق (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۴)




متوقع بارش کا معمول سے فرق (ستمبر ۲۰۲۴)



متوقع بارش کا معمول سے فرق (اکتوبر ۲۰۲۴)



متوقع بارش کا معمول سے فرق (نومبر ۲۰۲۴)



ستمبر سے نومبر ۲۰۲۴ کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں بالخصوص سندھ، پنجاب، بلوچستان اور زیریں خیبر پختونخواہ میں معمول سے زیادہ بارشیں متوقع ہیں۔ جبکہ گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے ملحقہ علاقوں، بالائی خیبر پختونخواہ اور خطہ پوٹھوہار میں معمول یا معمول سے کم بارش کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## ماہانہ امکانات (بارش)

- ستمبر ۲۰۲۴ سے ملک کے بیشتر علاقوں بالخصوص پنجاب اور سندھ کے علاقوں میں معمول سے زیادہ بارشیں متوقع ہیں۔ جبکہ گلگت بلتستان، شمال مشرقی خیبر پختونخواہ اور آزاد کشمیر کے ملحقہ علاقوں میں معمول یا معمول سے قدرے کم بارش کا امکان ہے۔
- اکتوبر ۲۰۲۴ کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں بالخصوص صوبہ سندھ میں معمول سے زیادہ بارشیں متوقع ہیں۔ جبکہ گلگت بلتستان، آزاد کشمیر کے ملحقہ علاقوں اور بالائی خیبر پختونخواہ میں معمول یا معمول سے قدرے کم بارش کا امکان ہے۔
- نومبر ۲۰۲۴ کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں معمول کے قریب بارش کا امکان ہے۔ تاہم خیبر پختونخواہ، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے ملحقہ علاقوں میں معمول سے قدرے کم بارش متوقع ہے۔


PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368


---

# درجہ حرارت کے لحاظ سے متوقع موسمی صورتحال (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۴)


متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۴)





متوقع درجہ حرارت (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۴)





متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (نومبر ۲۰۲۴)




متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (اکتوبر ۲۰۲۴)




متوقع درجہ حرارت کا معمول سے فرق (ستمبر ۲۰۲۴)




ستمبر سے نومبر ۲۰۲۴ کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں بالخصوص گلگت بلتستان اور کشمیر میں اوسط درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کی توقع ہے ۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## ماہانہ امکانات (درجہ حرارت)


- ماہ ستمبر ۲۰۲۴ کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں بالخصوص بالائی خیبر پختونخواہ، گلگت بلتستان اور بلوچستان کے مغربی حصوں میں اوسط درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کی توقع ہے ۔
- اکتوبر اور نومبر ۲۰۲۴ کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں بالخصوص گلگت بلتستان میں معمول سے زیادہ اوسط درجہ حرارت کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

# اہم زرعی علاقوں کی متوقع موسمی صورتحال (ستمبر تا نومبر ۲۰۲۴)

## پوٹھوہار





خطہ پوٹھوہار میں اگلے تین مہینوں بالخصوص ماہ ستمبر ۲۰۲۴ کے دوران اچھی بارشیں متوقع ہیں۔اوسط درجہ حرارت میں موسم کے ساتھ ساتھ بتدریج کم ہونے کی توقع ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## وسطی پنجاب




وسطی پنجاب میں ستمبر سے نومبر ۲۰۲۴ کے دوران اچھی بارشیں متوقع ہیں۔اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر بتدریج کم ہونے کی توقع ہے۔


## جنوبی پنجاب





جنوبی پنجاب میں اگلے تین مہینوں کے دوران اچھی بارشیں متوقع ہیں۔اوسط درجہ حرارت موسم کے ساتھ بتدریج کم ہونے کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368





بالائی سندھ میں اگلے تین ماہ کے دوران مناسب مقدار میں بارشیں متوقع ہیں۔اس دوران اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر بتدریج کم ہونے کی توقع ہے۔




اسی طرح، زیریں سندھ میں اس مدت کے دوران بالخصوص ماہ ستمبر ۲۰۲۴ کے دوران اچھی بارشیں متوقع ہیں۔اور اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر کم ہونے کا امکان ہے۔


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## بالائی خیبر پختونخواہ




بالائی خیبر پختونخواہ میں میں اگلے تین ماہ کے دوران تسلی بخش بارشوں کے امکانات ہیں۔ جبکہ اوسط درجہ حرارت موسم کے ساتھ ساتھ بتدریج کم ہونے کی توقع ہے۔

## زیریں خیبر پختونخواہ





زیریں خیبر پختونخواہ میں اس مدت کے دوران نسبتاً مناسب بارش ہونے کی توقع ہے۔ خاص طور پر ستمبر 2024 کے مہینہ میں۔ جبکہ اس دوران اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر بتدریج کم ہونے کی توقع ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## شمال مغربی بلوچستان




شمال مغربی بلوچستان میں اس مدت کے دوران بالخصوص ماہ ستمبر ۲۰۲۴ میں مناسب بارشوں کے امکانات ہیں۔ جبکہ اس دوران اوسط درجہ حرارت موسم کے ساتھ ساتھ بتدریج کم ہونے کی توقع ہے

## وسطی بلوچستان





وسطی بلوچستان میں اس مدت کے دوران نسبتاً مناسب بارش ہونے کی توقع ہے۔اور اوسط درجہ حرارت موسمی طرز پر کم ہونے کا امکان ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad


Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## گلگت بلتستان




گلگت بلتستان میں مذکورہ مدت کے دوران اچھی مقدار میں بارشوں کا امکان ہے۔اس کے علاوہ اوسط درجہ حرارت موسم کے ساتھ ساتھ بتدریج کم ہونے کا امکان ہے۔

## آزاد کشمیر




وادیءکشمیر میں بھی اس مدت کے دوران بالخصوص ماہ ستمبر میں اچھی مقدار میں بارشوں کے امکانات ہیں۔اور اوسط درجہ حرارت موسم کے ساتھ ساتھ بتدریج کم ہونے کی توقع ہے۔

PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
**National Agromet Center**
H-8/2, Islamabad

Tele: +92-51-9250592
Fax: +92-51-9250368

## حالیہ موسم اوراگلے تین ماہ کی پیشنگوئی کی بنیادپر کسانوں کے لیے اہم سفارشات

ملک کے بیشتر زرعی زمینوں میں ہونے والی تسلی بخش بارشوں کی وجہ سے کپاس، مونگ پھلی، گنا، موسمی سبزیاں اور باغات کے لیے مٹی میں نمی کی حالت بھی تسلی بخش ہے۔

ستمبر سے نومبر ۲۰۲۴ کے دوران ملک کے بیشتر زرعی میدانی علاقوں بالخصوص پنجاب، سندھ، بلوچستان اور زیریں خیبر پختونخواہ، میں معمول کے قریب یا معمول سے قدرے زیادہ بارشیں متوقع ہیں۔ جبکہ گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے ملحقہ علاقوں، بالائی خیبر پختونخواہ اور خطہ پوٹھوہار میں معمول یا معمول سے کم بارش کا امکان ہے۔ جس کے نتیجہ میں ملک کی زرعی زمینوں میں موجود نمی کی مقدار بہتر ہو سکتی ہے۔

اس لئے کپاس، چاول، کماد، مونگ پھلی اور چنے کی فصلوں کی آبپاشی اور سپرے سے متعلق سرگرمیاں متوقع موسمی صورتحال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے طے کی جائیں۔ اس کے علاوہ پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان کے شمالی اور جنوبی حصوں میں ہونے والی اور متوقع موسلادھار بارشوں کی وجہ سے بالخصوص اس ماہ کے پہلے نصف تک ممکنہ طور پر فصلوں میں غیر ضروری جڑی بوٹیوں کی افزائش میں مزید اضافہ متوقع ہے۔ زائد جڑی بوٹیوں کی روک تھام کیلئے خصوصی اقدامات کیے جائیں۔ گرم مرطوب موسم میں ضرر رساں کیڑے مکوڑں کی افزائش بڑھ جاتی ہے۔ لہٰذا کسان حضرات کیڑے مکوڑوں کے خاتمے کیلئے مناسب اقدامات کریں۔

Pitras Bukhari Road, Sector H-8/2, Post Box No. 1214, ISLAMABAD – PAKISTAN
Tel: 051-9250592, Fax: 051-9250368, Email: dirnamc@yahoo.com, URL: www.pmd.gov.pk